10-11-2025

08.30 Hrs

## HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں                                   اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

-------------------------------------------------------------

1- بہار میں کَل ہونے والے اسمبلی انتخابات کے دوسرے اور آخری مرحلے کیلئے سبھی تیاریاں کرلی گئی ہیں۔

2- آسام کابینہ نے، ایک سے زیادہ رفیقِ حیات رکھنے پر روک لگانے کے بل کو منظوری دے دی ہے۔ وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے کہا ہے کہ یہ بل اسمبلی میں اِس مہینے پیش کیا جائے گا۔

3- صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو آج لُواندا میں انگولا کی پارلیمنٹ سے خطاب کریں گی۔

4- وزیراعظم نریندر مودی نے بھگوان بدھ کی مقدس باقیات کا شاندار خیر مقدم کرنے پر بھوٹان کا شکریہ ادا کیا ہے۔

5- بھارت کے انیش بھان والا نے مصر کے شہر قاہرہ میں نشانے بازی کی ISSF عالمی چیمپین شپ میں، چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔

6- اور: بھارتی گرینڈماسٹر کارتک وینکٹ رمن، گوا میں FIDE شطرنج عالمی کپ 2025 کے چوتھے راؤنڈ میں داخل ہوگئے ہیں۔

اب خبریں تفصیل سے۔

### Rev. Bihar Polls

بہار میں اسمبلی انتخابات دوسرے اور آخری مرحلے کیلئے سبھی انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ 20 سے زیادہ ضلعوں کے 122 حلقوں میں اس مرحلے کے تحت ووٹ ڈالے جائیں گے۔ 3 کروڑ 70 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان 136 خواتین سمیت ایک ہزار 302 امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ ہوگا۔ ووٹنگ صبح 7 بجے شروع ہوگی اور شام 6 بجے ختم ہو جائے گی۔ سکیورٹی وجوہات سے 7 حلقوں میں ووٹنگ شام 5 بجے ختم ہوگی۔ خواتین کو بااختیار بنانے کے پیغام کو عام کرنے کے لیے 595 پولنگ اسٹیشنوں کے انتظامات خواتین اسٹاف ہی کریں گی، جبکہ اکیس PWDپولنگ بوتھوں کا انتظام معذور افراد پر مشتمل عملے کے ذریعے کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ 316 مثالی پولنگ اسٹیشن بھی قائم کیے گئے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Dharmendra Rai**

اس مرحلے میں وزیر اعلیٰ نتیش کمار کی قیادت میں حکومت کے 12 کابینی وزراء کی سیاسی قسمت کا فیصلہ ہوگا۔ سرکردہ JDU لیڈر اور ریاست کے بجلی کے وزیر بجیندر پرساد یادو Supaulحلقے سے چناؤ لڑ رہے ہیں، جبکہ BJP امیدوار اور ریاست کے صنعتوں کے وزیر نتیش مشرا مدھوبنی ضلعے میں Jhanjharpur سے چناؤ لڑ رہے ہیں۔ سابق نائب وزیر اعلیٰ اور کابینی وزیر رینو دیوی Bettiah سے BJP کی امیدوار کی حیثیت سے چناؤ لڑ رہی ہیں۔ عوامی صحت کے وزیر نیرج سنگھ ببلو Chhatapur سے چناؤ میدان میں ہیں۔ BJP کے سینئر اور امدادِ باہمی کے وزیر ڈاکٹر پریم کمار BJP کے امیدوار کی حیثیت سے آٹھویں مرتبہ گیا قصبے سے چناؤ لڑ رہے ہیں۔ JDU لیڈر اور وزیر Leshi سنگھ Dhamdaha حلقے سے چناؤ لڑ رہے ہیں۔

سائنس اور ٹکنالوجی کے وزیر سُمیت کمار سنگھ JDU امیدوار کی حیثیت سے جموئی ضلعے میں Chakai سے انتخاب لڑ رہے ہیں۔ کانگریس کے ریاستی صدر راجیش کمار اورنگ آباد میں Kutumbaسے چناؤ لڑ رہے ہیں۔ LJP رام وِلاس گروپ کے ریاستی صدر راجو تیواری مشرقی چمپارن ضلعے میں گووِند گنج سے چناؤ لڑ رہے ہیں۔

پٹنہ سے دھرمیندر کمار رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

**J&K Byepoll**

جموں و کشمیر میں تقریباً 98 ہزار رائے دہندگان 11 نومبر کو Nagrota اسمبلی حلقے کے ضمنی چناؤ میں 10 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ حالانکہ اصل مقابلہ 4 امیدواروں تک ہی محدود ہے، جبکہ انتخابی مہم کَل شام ختم ہو گئی تھی۔ جموں میں آکاشوانی کے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ Devyani Rana جو BJP کے قدآور لیڈر دویندر سنگھ رانا کی بیٹی ہیں، BJPکے ذریعے چناؤ میدان میں اُتاری گئی ہیں۔ دویندر سنگھ رانا نے 2024 کے اسمبلی چناؤ میں سیٹ جیتی تھی، لیکن حلف لینے کے 15 دن بعد اُن کا انتقال ہو گیا تھا۔×

**President Angola**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج Luanda میں انگولہ کی قومی اسمبلی میں ان کے ممبران پارلیمنٹ سے خطاب کریں گی۔ وہ انگولہ میں بھارتی برادری کے آراکین کے ساتھ بھی بات چیت کریں گی۔

صدر جمہوریہ محترمہ مرمو نے کل انگولہ کے صدر Joao Lourenco کے ساتھ وسیع تر امور پر تبادلہ خیال کیا تھا۔ محترمہ مرمو نے کہا کہ دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت کی حیثیت سے بھارت، انگولہ کے ساتھ پارلیمانی سطح پر تعاون بڑھانے کا خواہشمند ہے۔

**Byte President Murmu**

انہوں نے مزید کہا کہ بھارت، انگولہ کو اپنے بہترین پارلیمانی تجربوں سے واقف کرانے کیلئے تیار ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**VC Manish Shiva**

دونوں رہنما باہمی تعاون کو مزید وسعت دینے کے لیے مل کر کام کرنے پر متفق ہو گئے ہیں۔ دونوں ملکوں نے قریبی شراکت داری کے لیے توانائی، بنیادی ڈھانچے، دفاع، صحت، زراعت اور ڈیجیٹل ٹکنالوجی جیسے شعبوں کی نشاندہی کی ہے۔ کئی مفاہمت نامے بھی کئے گئے ہیں، تاکہ ماہی پروری، آبی وسائل اور قوانصلر امور میں تعاون کو مستحکم کیا جا سکے۔ صدر جمہوریہ مرمو نے انٹرنیشنل **Big Cat** اتحاد اور عالمی بایو ایندھن اتحاد میں شامل ہونے کے انگولہ کے فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ انگولہ کے صدر نے صحت، ایرو اسپیس اور دفاعی نظام میں بھارت کی مہارت کی تعریف کی ہے۔ انگولہ نے کہا کہ ان شعبوں میں بھارت کے ساتھ کام کرنا انگولہ کیلئے کافی فائدہ مند رہے گا۔

منیش شیوا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...........

صدر جمہوریہ محترمہ مرمو 8 سے 13 نومبر تک انگولہ اور **Botswana** کے دورے پر ہیں، کل وہ انگولہ کی 39 ویں آزادی کی 50 ویں سالگرہ تقریبات میں شرکت کریں گی۔ اس کے بعد اپنے دورے کے دوسرے مرحلے کے تحت **Botswana** کے لئے روانہ ہو جائیں گی۔ کسی بھارتی صدر کا دونوں افریقی ملکوں کا یہ پہلا دورہ ہوگا۔×

**.New Assam Anti Poligamy bill**

آسام کابینہ نے ایک بڑے سماجی قدم کے طور پر "ایک سے زیادہ رفیقِ حیات رکھنے پر بندش کے بل 2025 کو منظوری دے دی ہے جس کا مقصد چھٹی فہرست والے علاقوں کو چھوڑ کر، ریاست میں ایک سے زیادہ رفیقِ حیات کا حامل ہونے کے طریقے کو غیر قانونی قرار دینا اور اِس کا خاتمہ کرنا ہے۔

اِس بل میں، یہ ممانعت کی گئی ہے کہ اگر کسی فرد کا رفیقِ حیات یا رفیقۂ حیات زندہ ہے اور وہ قانونی طور پر علیحدہ نہیں ہوا یا ہوئی ہے یا اگر اِن لوگوں میں سے کسی کی پہلی شادی، طلاق کا باقاعدہ فیصلہ دیے جانے سے تحلیل نہیں ہوئی ہے، تو وہ شادی نہیں کر سکتا یا نہیں کر سکتی۔

اِس بل میں اُن خواتین کو معاوضہ فراہم کرنے کے لیے کہا گیا ہے جو، ایک سے زیادہ شادیاں کرنے سے متاثر ہیں۔ اِس بل میں اِس طرح کے متاثرین کے مشکل ترین حالات برقرار رہنے کا اعتراف کیا گیا ہے۔

اِس بل پر آسام کے وزیراعلیٰ جناب سرما نے کہا ہے کہ چھٹی فہرست والے علاقوں کیلئے، کچھ استثنیٰ رکھا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت، ایک سے زیادہ شادیاں کرنے سے متاثرہ خواتین کو معاوضہ دینے کیلئے ایک نیا فنڈ قائم کرے گی تاکہ اُنھیں ساری زندگی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔x

**S/B- Himant Biswa Sarma**

## Vande Mataram

ملک اپنے قومی گیت وندے ماترم کے 150 سال پورے ہونے کی تقریبات منا رہا ہے۔ یہ ایک ایسا گیت ہے جس نے بھارت کی نسلوں کو متحد ہونے، ترقی کرنے اور ملک کے جذبے کا جشن منانے کی تحریک دی ہے۔

آج ہمارے نامہ نگار نے ایک رپورٹ پیش کی ہے کہ کس طرح وندے ماترم نے بھارت سے، آگے تک کا سفر طے کیا اور دنیا بھر کے انقلابی لوگوں کو تحریک دی۔

## V/C Shivang / Valsa Williams

وندے ماترم کی گونج، بھارت کی سرحدوں تک محدود نہیں رہی بلکہ اِس نے سمندروں اور براعظموں کے پار بھی سفر کیا۔ اِس طرح اِس گیت نے، وطن سے دور رہنے والے بھارتی افراد کے دلوں میں، وطن پرستی کا جذبہ جگایا۔

22اگست 1907 کو مجاہد آزادی میڈم بھیکا جی کاما نے جرمنی کے Stuttgart میں، جو ایک غیر ملکی سرزمین ہے، پہلی بار بھارتی ترنگا لہرایا۔ اِس تاریخی قدم سے، بھارت کی تحریکِ آزادی پر بڑھتی ہوئی بین الاقوامی توجہ کو رفتار ملی۔ اِس پرچم کو میڈم کاما اور شیام جی کرشن ورما نے ڈیزائن کیا تھا جس پر وندے ماترم کے الفاظ لکھے تھے، جس سے بھارت کے غیر متزلزل جذبے اور آزادی کی پکار کی عکاسی ہوتی تھی۔

محض دو سال بعد 1909 میں انقلابی شخصیت مدن لال ڈھینگرا کو برطانوی حکم رانی کے خلاف لندن میں سرگرمیوں کی وجہ سے پھانسی کی سزا دے دی گئی۔ اُن کے آخری الفاظ وندے ماترم ہی تھے۔ اُسی سال جنیوا سے پوری دنیا کے لوگوں کیلئے بھارت کی آزادی اور اتحاد کا پیغام پہنچا اور جیسے ہی گوپال کرشن گوکھلے نے اکتوبر 1912 میں جنوبی افریقہ کے کیپ ٹاؤن میں قدم رکھا، اُنھیں ایک جلوس کی شکل میں استقبالیہ دیا گیا اور اِس موقع پر فضا میں وندے ماترم کا نعرہ گونجا۔ یوروپ سے امریکہ تک وندے ماترم، بھارت کی جدوجہد آزادی کا ایک اہم عنصر بن گیا۔ ایک ایسا گیت جس نے دلوں کو جوڑا، حوصلے کو اڑان بخشی اور دنیا بھر کی انقلابی شخصیتوں نے قربانی کا جذبہ جگایا۔

شیوانگ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں......

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

## PM Relics

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھگوان بدھ کی مقدس باقیات کا شاندار خیرم مقدم کرنے پر بھوٹان کے عوام اور قیادت کی تعریف کی ہے، جو بھارت سے بھوٹان پہنچ گئی ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ یہ باقیات امن، ہمدردی کے جذبے اور بھائی چارے کی علامت ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ بھگوان بدھ کی تعلیمات بھارت اور بھوٹان کی مشترکہ روحانی وراثت کے درمیان ایک مقدس رشتہ ہے۔×

**PM Bhtan Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی کل بھوٹان کے دو روزہ دورے پر روانہ ہوئے ہیں۔ دورے کے دوران جناب مودی اور بھوٹان کے شاہ **Jigme Khesar Namgyel Wangchuk** ایک ہزار **20** میگاواٹ کے **Punatsangchhu II** پن بجلی پروجیکٹ کا افتتاح کریں گے۔ اس پروجیکٹ کو بھارت اور بھوٹان نے مشترکہ طور پر تیار کیا ہے۔ وزیر اعظم بھوٹان کے چوتھے شاہ **Jigme Singye Wangchuk** کے **70** ویں یومِ پیدائش کی تقریب میں شرکت کریں گے اور اپنے ہم منصب **Tshering Tobgay** سے بھی ملاقات کریں گے۔

جناب مودی عالمی امن کے دعاتیہ فسٹیول میں شرکت کریں گے اور تھمپو کے **Tasichhogzong** میں مقدس باقیات کو خراج عقیدت پیش کریں گے۔

وزارت خارجہ کے مطابق وزیر اعظم کے دورے سے دونوں ملکوں کو دو طرفہ شراکت داری کو آگے بڑھانے اور مستحکم کرنے کے طریقوں پر غورو خروص کرنے اور باہمی مفادات کے علاقائی اور وسیع تر معاملات پر تبادلہ خیال کرنے کا موقع ملے گا۔

**GST Stationary**

**GST** بچت اُتسو سے پورے ملک میں شہریوں کو فائدہ ہو رہا ہے۔ یہ **22** ستمبر سے شروع ہوا تھا اور اِس کے تحت نریندر مودی سرکار نے کئی شعبوں میں **GST** شرحیں کافی کم کردی ہیں۔ آج ہم اِس بات کا تذکرہ کر رہے ہیں کہ اسٹیشنری کے سیکٹر میں نئی **GST** شرحوں سے کس طرح شہریوں کو مدد مل رہی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Drishti**

نئے سلسلے کی **GST** اصلاحات کے تحت حکومت نے اسٹیشنری اشیاء پر خاطر خواہ راحت فراہم کی ہے، جس سے ملک بھر کے طلبا اور خردہ فروشوں کو فائدہ پہنچ رہا ہے۔ پینسل، **Erasers**، شارپنرس، **Crayons**، نوٹ بُکس، گراف بُکس، نقشے اور چارٹ جیسی اسٹیشنری اشیاء پر ٹیکس کی شرح صفر کر دی گئی ہے، جو اس سے پہلے **12** فیصد تھی۔ اسی طرح **Eraser** پر **GST** شرح کم کر کے صفر کر دی گئی ہے، جو اس سے پہلے **5** فیصد تھی۔ اس کے علاوہ جیومیٹری باکسز، کلر باکسز اور پاؤچز جیسی اشیاء پر ٹیکس کو **5** فیصد کے زمرے میں رکھا گیا ہے، جو اس سے پہلے **12** فیصد کے زمرے میں تھے۔ **GST** کی نئی اصلاحات سے تعلیم پر ہونے والے اخراجات میں کمی آرہی ہے اور اسٹیشنری کی گھریلو مینوفیکچرنگ کی مانگ میں اضافہ ہو رہا ہے۔

نئی دلّی سے درشٹی پونیانی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...........

**Shivraj Odisha Visit**

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان آج اوڈیشہ کا دورہ کریں گے۔ وہ ریاست میں کسانوں کی آمدنی میں اضافے، سب کے لیے تغذیے کی یقین دہانی اور قدرتی زراعت

کے طور طریقوں کو فروغ دینے سے متعلق اہم پروگراموں میں شرکت کریں گے۔ جناب چوہان Mandia Dibasa یا موٹے اناج کے دن سے متعلق پروگرام کے افتتاحی جلسے میں شرکت کریں گے۔

وہ اِس موقع پر ریاست میں پیداوار، ڈبہ بندی اور موٹے اناج کی کھپت میں اضافے پر مرکز کی طرف سے کیے گئے اقدامات کو اجاگر کریں گے۔x

## Cop 30 Conference

آب و ہوا میں تبدیلی سے متعلق اقوام متحدہ کی تیسری کانفرنس COP 30 آج برازیل کے شہر Belem میں شروع ہوگی۔ کانفرنس سے امید کی جاتی ہے کہ وہ عالمی جنوب کیلئے ایک نیا باب ثابت ہوگی۔ کانفرنس کے دوران بات چیت میں پیرس معاہدے پر عمل درآمد، آب و ہوا سے متعلق مالیات اور اِسے اختیار کیے جانے کے منصوبے پر توجہ دی جائے گی، کیونکہ اب ممالک اپنے وعدوں سے آگے بڑھ کر کارروائی شروع کریں گے۔ یہ پہلی COP ہے جس میں مکمل پیرس پالیسی نافذ کی جائے گی۔

بھارت ماحول کیلئے سازگار توانائی کے شعبے میں اپنی ترقی، اُس نے غیر روایتی بجلی کے اپنے 50 فیصد نشانے کو وقت سے پہلے پورا کرلیا، اپنی اِن خاصیتوں کو اجاگر کرے گا۔

اُدھر برازیل کی صدارت نے ملکوں سے کہا ہے کہ وہ اب بات چیت سے بڑھ کر عمل درآمد کی طرف آئیں۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات، IMD کے مطابق مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور جھارکھنڈ میں اگلے دو دن تک سرد لہر جاری رہے گی۔ اس کے مطابق جنوبی ہریانہ اور شمال مغربی بھارت کے دور دراز میدانی علاقوں اور شمالی وسطی مہاراشٹر میں اگلے تین سے چار دن کے دوران رات کا درجہ حرارت معمول سے تقریباً دو سے چار ڈگری سیلسیس نیچے رہنے کا امکان ہے۔

IMD نے آج تمل ناڈو، کیرالہ اور ماہے میں ہلکی سے اوسط بارش اور گرج چمک کی پیش گوئی کی ہے۔x

## ISSF Anish Bhanwala

نشانے بازی میں بھارت کے Anish Bhanwala نے مصر کی راجدھانی قاہرہ میں مردوں کے 25 میٹر Rapid فائر پسٹل مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیت کر ISSF عالمی چیمپئن شپ میں ایک تاریخ رقم کی ہے۔ انیش نے فائنل مقابلے میں 28 نشانے لگائے۔ اس شاندار کارکردگی کی وجہ سے انیش، اولمپک مقابلے میں عالمی چیمپئن شپ تمغہ جیتنے والے پہلے بھارتی پسٹل نشانے باز بن گئے ہیں۔x

## FIDE Chess World Cup

بھارت کے گرینڈ ماسٹر Karthik Venkataraman گوا کے Panaji میں FIDE شطرنج عالمی کپ 2025 کے چوتھے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔ وہ ایک سخت مقابلے میں رومانیہ کے گرینڈ ماسٹر Bogdan-Daniel Deac کو ہرانے کے بعد چوتھے راؤنڈ میں پہنچے ہیں۔ اس طرح Karthik بھی اُن دیگر 4 بھارتی شطرنج کھلاڑیوں میں شامل ہو گئے ہیں، جو چوتھے راؤنڈ میں پہنچے ہیں۔ اِن میں ارجنErigaisi ، R. Praggnanandhaa، پی ہری کرشنا اور عالمی جونیئر چیمپئن V Parnav شامل ہیں۔ 206 بھارتی شطرنج کھلاڑیوں میں سے اب صرف 5 شطرنج کھلاڑی خطاب کے لیے میدان میں ہیں۔×

## Must Announcement Public Speak

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ”فضائی آلودگی سے نمٹنا اور محفوظ اور صحت مند رہنے کے اقدامات“ کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، AIIMSنئی دلی کے میڈیسن محکمے کے سابق سربراہ ڈاکٹر ایس کے شرما اور AIIMS نئی دلی کے Pulmonoligist ڈاکٹر سوربھ متّل کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر، پانچ صفر

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ ۔اسلم

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے اتراکھنڈ کے یومِ تاسیس کے موقع پر ِسلور جوبلی تقریب سے وزیر اعظم نریندر مودی کے خطاب کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار پرتاب کی شہ سرخی ہے وزیر اعظم نے اتراکھنڈ کو یومِ تاسیس پر ریاست کو کروڑوں روپے کے پروجیکٹ کا تحفہ دیا۔ ہندوستان ایکسپریس نے بہار میں دوسرے مرحلے

کے اسمبلی انتخابات کیلئے، انتخابی مہم ختم ہونے کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ اخبارات نے کشمیر میں پولیس کے ذریعہ بڑے پیمانے پر انسداد دہشت گردی کی کارروائیاں انجام دیے جانے کی خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبارات نے انڈمان جزائر کے قریب سمندر میں زلزلہ کے جھٹکے محسوس کیے جانے کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔

انقلاب نے آکاش چودھری کے ذریعے فرسٹ کلاس کرکٹ میں لگاتار آٹھ چھکے لگا کر محض 11گیندوں میں نصف سنچری مکمل کئے جانے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں۔

-غزہ میں جنگ بندی کے باوجود اسرائیل حملے جاری۔

-امریکی شٹ ڈاؤن: ملک بھر میں دو ہزار سے زائد پروازین منسوخ۔

-ایران شدید خشک سالی کے دہانے پر صدر کا تہران خالی کرنے کا انتباہ

-چین نے امریکہ کی معدنیات برآمدات پر آئد پابندیاں ہٹا دیں۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- بہار میں کَل ہونے والے اسمبلی انتخابات کے دوسرے اور آخری مرحلے کیلئے سبھی تیاریاں کرلی گئی ہیں۔

2- آسام کابینہ نے، ایک سے زیادہ رفیقِ حیات رکھنے پر روک لگانے کے بل کو منظوری دے دی ہے۔ وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے کہا ہے کہ یہ بل اسمبلی میں اِس مہینے پیش کیا جائے گا۔

3- صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو آج لُواندا میں انگولا کی پارلیمنٹ سے خطاب کریں گی۔

4- وزیراعظم نریندر مودی نے بھگوان بدھ کی مقدس باقیات کا شاندار خیر مقدم کرنے پر بھوٹان کا شکریہ ادا کیا ہے۔

5- بھارت کے انیش بھان والا نے مصر کے شہر قاہرہ میں نشانے بازی کی ISSF عالمی چیمپین شپ میں، چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔

6- اور: بھارتی گرینڈماسٹر کارتک وینکٹ رمن، گوا میں FIDE شطرنج عالمی کپ 2025 کے چوتھے راؤنڈ میں داخل ہوگئے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------